باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | بدھ 17 ذوالحجہ 1447ھ 03 جون 2026ء | شمارہ: 124
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
"والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔"

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حالا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
"جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو"۔

آئندہ بجٹ میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو ٹیکس ریلیف نہ ملا تو بحران مزید شدید ہو جائیگا

موجودہ ٹیکس پالیسیوں نے تعمیراتی شعبے کو شدید متاثر کیا ہے، سرمایہ کاری میں نمایاں کمی دیکھنے میں آرہی ہے، جس کے باعث نہ صرف ہاؤسنگ منصوبے سست روی کا شکار ہیں بلکہ عام شہری کے لیے گھر کا حصول بھی مشکل ہوتا جارہا ہے

حکومت فوری طور پر پراپرٹی لین دین، کرایہ آمدن، سیمنٹ اور اسٹیل پر عائد بھاری ٹیکسوں میں کمی کرے تاکہ تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ ملے اور معیشت کا پہیہ دوبارہ تیزی سے گھوم سکے، چیئرمین آباد کا مطالبہ

کراچی (بزنس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے چیئرمین محمد حسن بخشی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو فوری اور خاطر خواہ ٹیکس ریلیف فراہم کیا جائے، بصورت دیگر یہ اہم شعبہ مزید زوال کا شکار ہوسکتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد حسن بخشی نے کہا کہ موجودہ ٹیکس ڈھانچہ نہ صرف سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کررہا ہے بلکہ عام آدمی کے لیے گھر کی خریداری کو بھی ناممکن بناتا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پراپرٹی کی خرید و فروخت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

محمد اظفر احسن کو پاکستان یو اے ای اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر اعزاز

قونصل جنرل امارات ڈاکٹر نخیت عتیق الرویتی کے ذریعے، پاکستانی سرمایہ کاری کی صلاحیت کو فروغ دینے پر اعزاز ملا

کراچی (بزنس رپورٹر) محمد اظفر احسن بانی و چیئرمین نٹس سٹیل گروپ اور سابق وزیر برائے سرمایہ کاری، کو متحدہ عرب امارات کی حکومت کی جانب سے ڈاکٹر نخیت عتیق الرمیثی، قونصل جنرل متحدہ عرب امارات کے ذریعے، پاکستان کی سرمایہ کاری کی صلاحیت کو فروغ دینے اور پاکستان-یو اے ای اقتصادی تعاون کو مضبوط بنانے کی مسلسل کوششوں کے اعتراف میں اعزاز سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی، محسن نقوی کا صفورا میں واقع نادرا میگا سینٹر کا اچانک دورہ

وزیر داخلہ محسن نقوی نے نادرا سینٹر کے انچارج اور عملے کی کارکردگی کی تعریف کی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یونیورسٹی روڈ صفورا میں واقع نادرا میگا سینٹر کا اچانک دورہ کیا۔ وزیر داخلہ نے شہر قائد کے نادرا میگا سینٹر میں شہریوں کے لئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

جامعہ کراچی؛ اساتذہ تنظیم ایک ماہ سے جاری امتحانی عمل کا بائیکاٹ ختم کرنے پر راضی

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کی اساتذہ تنظیم ایک ماہ سے جاری امتحانی عمل کا بائیکاٹ ختم کرنے پر راضی ہوگئی۔ حکومت سندھ نے انجمن اساتذہ جامعہ کراچی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کراچی ایئرپورٹ پر جعلی یو اے ای ورک ویزا فراڈ بے نقاب، مسافر آف لوڈ

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے دبئی جانے والے مسافر سید ظل اللہ احسان الزمان کو جعلی یو اے ای ریزیڈنس، ورک ویزا پر سفر کی کوشش کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پاکستان میں گزشتہ ماہ 3161 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، مجموعی تعداد 2 لاکھ 97 ہزار سے متجاوز

رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں سے 99.9 فیصد کی رجسٹریشن آن لائن طریقہ کار کے ذریعے مکمل کی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں گزشتہ ماہ 3161 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، جس کے بعد مجموعی رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 2 لاکھ 97 ہزار سے زیادہ ہو گئی ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق مئی کے دوران ملک بھر میں 3 ہزار 161 نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں، جس کے بعد رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 2 لاکھ 97 ہزار 239 ہوگئی ہے۔ ایس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کا ایک روزہ گلگت بلتستان کا طوفانی دورہ، جہاں بڑے عوامی اجتماع سے خطاب، چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

گلگت بلتستان میں منصوبوں کی خود نگرانی کرونگا

نواز شریف

یہاں کے مسائل کے حل کے لیے شہباز شریف سے بات کروں گا، طلبہ کو اسکالرشپس دی جائیں گی، مزید لیپ ٹاپ دیے جائیں گے، میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی پر تنقید کر کے کسی کی برائی کر کے ووٹ نہیں مانگتا ہم اپنی کارکردگی کی بنا پر ووٹ مانگتے ہیں

خواجہ محمد آصف، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، سینیٹر پرویز رشید، مریم اورنگزیب، سینیٹر انوشہ رحمان، کاظم پیرزادہ، حافظ حفیظ الرحمان، کیپٹن (ر) محمد صفدر اور دیگر پارٹی رہنماؤں نے سابق وزیر اعظم کا گلگت بلتستان پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور

گلگت بلتستان (نمائندہ قوم کی آواز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف ایک روزہ دورے پر گلگت بلتستان پہنچ گئے جہاں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں شروع ہونے والے نئے منصوبوں کی خود نگرانی کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، گلگت سی پیک کا مرکز ہے، پوچھنا چاہتا ہوں کہ گلگت کو نظر انداز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کا گلگت بلتستان میں بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

عدالت نے ہیڈ کانسٹبل فیصل کی اپیل اور درخواست پرنوٹس جاری کردیئے

کراچی (این این آئی) ہائیکورٹ میں منشیات کے مقدمے میں سزا پانے والے پولیس ہیڈ کانسٹبل کی سزا کیخلاف اپیل اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پولیس کے ڈاکوں کے ساتھ مقابلے، 1 ڈاکو ہلاک، 3 زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور اسپیشل انویسٹیگیشن یونٹ (ایس آئی یو) کے ڈاکوؤں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ملک بھر کی صرافہ مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں کو پر لگ گئے

کراچی (این این آئی) ملک بھر کی صرافہ مارکیٹوں میں میں سونے کی قیمتوں کو پر لگ گئے۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ہل پارک میں مبینہ غیر قانونی تعمیرات اور کمرشلائزیشن کیخلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

عوامی پارکس اور کھلے مقامات عوامی امانت ہیں اور انہیں نجی یا تجارتی مقاصد کیلئے استعمال نہیں کیا جاسکتا، درخواست گزار کا موقف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، چیئرمین پوسی 2 عرفان اللہ والا اور ممبر سٹی کونسل تیمور احمد نے ہل پارک میں مبینہ غیر قانونی تعمیرات اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سندھ ہائیکورٹ کے منشیات کے مقدمے میں ملزم طارق حسین کی رہائی کی درخواست مسترد کردی

مستقبل میں اگر نئی طبی یا غیر معمولی صورتحال سامنے آتی ہے تو معاملہ دوبارہ عدالت کے سامنے پیش کیا جاسکتا ہے، عدالت عالیہ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے منشیات کے مقدمے میں سزا یافتہ قیدی کی طبی بنیادوں پر رہائی کی درخواست کا فیصلہ سنادیا۔ عدالت نے ملزم طارق حسین کی رہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سندھ ہائی کورٹ نے چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ کا 2001 کا حکم کالعدم قرار دیدیا

متاثرہ فریق کو سنے بغیر جائیداد کو متروکہ وقف پراپرٹی قرار دینا قانون کے منافی ہے، عدالت کے ریمارکس

کراچی (کورٹ رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے نشتر روڈ پر واقع جائیداد کو متروکہ وقف املاک قرار دینے کیخلاف درخواست پر چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ کا 2001 کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

نئی سرمایہ کاری نہ ہونے سے اسٹاک مارکیٹ میں شدید مندی

کراچی (بزنس رپورٹر) منافع کی خاطر حصص کی فروخت اور نئی سرمایہ کاری کا سلسلہ رکنے سے کاروباری ہفتے کے پہلے ہی دن اسٹاک مارکیٹ کا بھٹہ بیٹھ گیا، اتار چڑھاؤ کے بعد اسٹاک مارکیٹ شدید مندی کا شکار ہوگئی، کے ایس ای 100 انڈیکس 3300 پوائنٹس گھٹ گیا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پانی کی عدم فراہمی پر شہری شکایات لیکر سڑکوں سے ایاز میمن موتی والا کے دفتر پہنچ گئے

کراچی میں پانی کا بدترین بحران، شہری مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور ہیں

شہریوں کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھنا کسی صورت قابل قبول نہیں: بانی عام آدمی پاکستان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پانی کا بحران انتہائی سنگین صورت اختیار کر گیا ہے۔ مختلف علاقوں کے شہریوں نے سماجی و تاجر رہنما، چیئرمین کراچی تاجر الائنس اور بانی عام آدمی پاکستان، ایاز میمن موتی والا کو پانی کی شدید قلت کے حوالے سے شکایات کے انبار لگا دیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

مصطفیٰ عامر قتل کیس؛ مرکزی ملزم ارمغان کا جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کا الزام

عدالت میں پیش کرنے کے لیے بھی پیسے مانگے جاتے ہیں،

والدہ اور وکیل سے متعلق بیان میں عدالت سے سننے میں غلطی ہوئی، ارمغان

کراچی (این این آئی) مصطفیٰ عامر قتل کیس کے مرکزی ملزم ارمغان نے جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کا الزام عائد کردیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں مصطفیٰ عامر قتل سمیت 6 مقدمات کی سماعت ہوئی، جس میں مرکزی ملزم ارمغان نے جیل انتظامیہ پر پیسے لینے کا الزام عائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

خاتون کو نازیبا اشارے اور گھر میں گھس کر ہراساں کرنیوالا پڑوسی گرفتار

میری جانب سے بھی بداخلاقی اور نازیبا اشارہ ہوگیا

میں اپنے اس عمل پر شرمندہ ہوں اس کی معذرت و معافی چاہتا ہوں، ملزم

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں رضویہ سوسائٹی پولیس نے جہانگیر آباد میں خاتون کو نازیبا اشارے اور گھر میں گھس کر ہراساں کرنے کے الزام میں پڑوسی کو گرفتار کر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: سردار طاہر محمود صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور شیخ طارق صادق، چیئرمین آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ، لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

تاجر برادری ملکی معیشت کی اصل محرک ہے، لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف

(آئی سی سی آئی) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات، قیادت صدر سردار طاہر محمود نے کی، اسلام آباد میں کاروبار دوست ماحول پر گفتگو

شیخ طارق صادق، شیخ عامر وحید، عبدالرحمٰن صدیقی، عمیر عبدالناصر، خالد چوہدری، اسرار الحق مشوانی سمیت کاروباری برادری کے نمائندگان شامل

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد، لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف نے کہا ہے کہ تاجر برادری ملکی معیشت کی اصل محرک ہے جو پاکستان کی اقتصادی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

امریکا اسرائیل شکست نئے عالمی نظام کیلئے مثبت، مشاہد حسین سید

مغرب کا زوال ایک ناگزیر عمل، چین کا عروج روکا نہیں جاسکتا ہے، GCTP کی کانفرنس میں امن کیلئے پاکستان کے کردار کی تعریف

شمالی مقدونیا کی صدر گورڈانا داوکودوا سے مشاہد حسین کی ملاقات، اماراتی سفیر احمد بن محمد الجروان کی امن کی خاطر پاکستان کے اقدامات کی تعریف

شمالی مقدونیا (بزنس رپورٹر) سینیٹر مشاہد حسین سید نے گلوبل کونسل فار ٹولرنس اینڈ پیس (جی سی ٹی پی) کے زیر اہتمام منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس کا شکریہ ادا کیا، جہاں ایران اور امریکا کے درمیان امن کو فروغ دینے کی کوششوں پر میزبان ملک شمالی مقدونیا کے صدر اور ساتھ ہی جی سی ٹی پی کے امارات کے صدر کی جانب سے پاکستان کی تعریف کی گئی۔ کانفرنس میں تنزانیہ اور مالٹا کے اسپیکرز کے ساتھ ساتھ یورپ، ایشیا، افریقہ اور جنوبی امریکا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سینیٹر مشاہد حسین کی شمالی مقدونیہ کی صدر کیساتھ تصویر، دوسری جانب تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی بجٹ سے متعلق آنے والی خبروں پر تشویش ہے، میاں زاہد حسین

ٹیکس قوانین کو کاروبار دوست بنانے سے ٹیکس ٹو جی ڈی پی 15 فیصد ہوسکتی ہے

معیشت کو ریونیو کے بجائے صنعتی ترقی اور برآمدات سے منسلک کیا جائے، سابق وزیر

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئلز فورم، آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر نیشنل بزنس گروپ پاکستان، ایف پی سی سی آئی کے پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابقہ صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے آئندہ مالیاتی بجٹ 202627 س متعلق آنے والی خبروں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ معاشی استحکام کے حصول کے بعد اب ملکی معیشت کو محض ٹیکس اور ریونیو بڑھانے کے روایتی میکانزم پر چلانے کے بجائے پائیدار معاشی توسع کی راہ پر گامزن کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان میں عیدالاضحیٰ پر ذبیحہ جانوروں کی کھالوں سے بڑی معاشی سرگرمی متوقع

پاکستان میں ایک دہائی کے دوران قربانی کے جانوروں کی تعداد میں 17 فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان میں عیدالاضحیٰ پر جانوروں کی کھالوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

شدید گرمی میں سندھ میں 22 گھنٹے بجلی لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ اس وقت سندھ بھر کے عوام بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے پریشان ہیں۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ بھر کے عوام بجلی کی لوڈشیڈنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

معدے کے کینسر میں مبتلا کراچی پولیس کا کانسٹیبل تیمور انتقال کرگیا

ایڈیشنل آئی جی کراچی کے احکامات پر انچارج ویلفیئر انسپکٹر شرافت خان نے سب انسپکٹر شاہد کے ہمراہ مرحوم کے گھر جا کر اہلِ خانہ سے تعزیت کی

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس کے کانسٹیبل تیمور خان جو معدے کے کینسر کے باعث ڈاؤ ہسپتال میں زیرِ علاج تھا، دورانِ علاج انتقال کرگیا ہے۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی کے احکامات پر انچارج ویلفیئر انسپکٹر شرافت خان نے سب انسپکٹر شاہد کے ہمراہ مرحوم کے گھر جا کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز کا حسن اسپتال کراچی کینٹ کا تفصیلی دورہ

طبی سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت، مریضوں کو بروقت، معیاری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، جمشید عالم کی اسپتال انتظامیہ کو ہدایت

کراچی (این این آئی) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز کراچی ڈویژن جمشید عالم نے حسن ہسپتال کراچی کینٹ کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

صومالی بحری قزاقوں کے ہاتھوں پاکستانیوں کے اغوا کا معاملہ، متاثرہ خاندان کا موقف

صومالی بحری قزاقوں نے یرغمالیوں کی رہائی کے لیے کبھی 10 ملین ڈالر کے تاوان کا مطالبہ نہیں کیا، اہل خانہ کا موقف

کراچی (این این آئی) صومالی بحری قزاقوں کے قبضے میں موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

عمران غزنوی پرائیویٹائزیشن کمیشن میں چیف میڈیا آفیسر تعینات

پرنسپل ترجمان کے طور پر بھی ذمہ داریاں، ایم ایس ماس کمیونیکیشن میں امتیازی اسناد کے حامل

ان کو سرکاری و نجی شعبوں میں 20 برس سے بھی زائد کا وسیع تجربہ حاصل ہے، اوگرا میں بطور ترجمان کامیاب رہے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) عمران غزنوی نے پرائیویٹائزیشن کمیشن میں چیف میڈیا آفیسر اور پرنسپل ترجمان کے طور پر ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں، جہاں وہ اسٹرٹجک کمیونیکیشن اور ایکسٹرنل ریلیشنز کے امور میں اہم کردار ادا کریں گے۔ وہ اسٹرٹیجک کمیونیکیشن کے ذریعے عوامی بیانیہ کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے، اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور ملک کے اصلاحاتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ عمران غزنوی کو سرکاری و نجی شعبوں میں 20 برس سے بھی زائد کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ وہ ایم ایس ماس کمیونیکیشن اور ایم بی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سندھ کے مختلف شہروں میں مٹی کے طوفان نے تباہی مچادی

کراچی (این این آئی) سندھ کے مختلف شہروں میں مٹی کے طوفان نے تباہی مچادی، تیز ہواں سے سولر پلیٹوں، گھروں کی چھتوں کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ آگ لگنے سے 40 سے زائد گھر خاکستر ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے مختلف شہروں میں تیز ہواؤں کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پاکستانی آم کی صنعت بحران کا شکار، کاشتکاروں کو کروڑوں روپے نقصان کا خدشہ

شدید گرمی، بے وقت موسمی تغیرات، آندھیوں اور مختلف بیماریوں کے باعث آم کی پیداوار متاثر ہوئی ہے، زرعی ماہرین

پنگریو (این این آئی) موسمیاتی تبدیلی، بڑھتے برآمدی اخراجات اور علاقائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس اہم فیصلوں کی منظوری

وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی

دربار قلندر لعل شہباز، لعل باغ اور سوک سینٹر سیہون کی بحالی اور ترقی کے عنوان سے 48 کروڑ 50 لاکھ روپے مالیت کی غیر اے ڈی پی اسکیم کی منظوری

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں مالیاتی، بنیادی ڈھانچے، توانائی، صحت، سیکیورٹی اور تعلیم کے شعبوں سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی، جن میں صوبے بھر میں پانی کی فراہمی اور نکاسی آب کی ترقیاتی اسکیموں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل، چیئرمین پی سی ایم اے ہارون علی خان اور دیگر کے ہمراہ ایکسپو سینٹر میں پاکستان کیمیکل ایکسپو کے انعقاد کے بارے میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

گلگت بلتستان کے انتخابات۔۔۔۔!

گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات جیتنے کے لیے سیاسی جماعتوں کی انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی جماعتیں عوامی اجتماعات کا انعقاد کر رہی ہیں اور کوشش کر رہی ہیں کہ اپنی اپنی جماعتوں کے امیدواروں کو جتوایا جا سکے۔ انتخابی مہم کا سلسلہ 5 جون رات 12 بجے تک جاری رہے گا جبکہ پولنگ 7 جون کو ہوگی۔ دو روز قبل الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے نئی انتخابی فہرست کے بجائے پرانی الیکٹورل لسٹ (الیکٹورل رول 2026ء) کو قابلِ قبول قرار دے دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرانے الیکٹورل رول جاری کرنے کا فیصلہ نئی انتخابی فہرست میں بے شمار غلطیوں کی شکایات سامنے آنے کے بعد کیا گیا۔ متعلقہ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق گلگت بلتستان میں رجسٹرڈ ووٹروں کی مجموعی تعداد نو لاکھ 58 ہزار 480 ہے جن میں پانچ لاکھ تین ہزار 772 مرد جبکہ چار لاکھ 54 ہزار 708 خواتین ووٹر شامل ہیں۔ انتخابات میں سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے طور پر اور آزاد حیثیت سے مجموعی طور پر 396 امیدوار حصہ لے رہے ہیں آزاد امیدواروں کی تعداد جماعتی نمائندوں کے مقابلے میں دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی 23 امیدواروں کے ساتھ سب سے آگے ہے جبکہ استحکام پاکستان پارٹی کے 15 اور پاکستان مسلم لیگ کے 11 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں، صرف آٹھ خواتین امیدوار حصہ لے رہی ہیں جو مجموعی امیدواروں کی تعداد کے مقابلے میں انتہائی کم شرح ہے۔ انتخابات میں تین ٹیکنوکریٹس اور چھ خواتین یعنی مجموعی طور پر نو مخصوص نشستوں کیلئے سات سیاسی جماعتوں نے اپنے امیدواروں کی ترجیحی فہرستیں جمع کرا دی ہیں۔ الیکشن کمیشن مخصوص نشستیں 7 جون کے انتخابات میں کامیاب جماعتوں کو متناسب نمائندگی کی بنیاد پر دے گا۔ الیکشن کمیشن نے دفعہ 234 نافذ کرتے ہوئے صدر، وزیرِ اعظم، وفاقی وزراء اور چیئرمین سینیٹ کی انتخابی مہم میں شرکت پر پابندی عائد کر دی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان انتخابات میں ضابطہء اخلاق پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، تمام سیاسی جماعتیں الیکشن کمیشن کے لیے یکساں اہمیت رکھتی ہیں، انتخابی ضابطہ اِخلاق کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، کسی بھی امیدوار نے اِس کی خلاف ورزی کی تو!؟ سے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے یہ بھی واضح کیا کہ ضابطہء اخلاق کی خلاف ورزی پر امیدوار یا متعلقہ فرد کو گلگت بلتستان سے بھی بے دخل کیا جا سکتا ہے۔

ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کی کارروائیاں، 27 غیر ملکی افغان باشندے حفاظتی تحویل میں لے کر رفیوجی کیمپ منتقل

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے گزشتہ تین روز کے دوران کاروائیاں کرتے ہوئے 27 غیر ملکی افغان باشندوں کو حفاظتی تحویل میں لے لیا تحویل میں لئے گئے افغانوں میں 08 گلشن معمار، 07 منگھوپیر، 06 اقبال مارکیٹ، 03 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

جمعیت علمائے اسلام سندھ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

صوبائی امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں اجلاس سے جے یو آئی سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو و دیگر کا خطاب

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام سندھ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس صوبائی امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں جے یو آئی سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، پیٹرولیم لیوی، بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت اور بے روزگاری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان پیپلز پارٹی کی ڈسٹرکٹ عمرکوٹ سے منتخب ممبر قومی اسمبلی صبا تالپور کا نیشنل ہائی وی اتھارٹی کے چیئرمین کو خط



کنری (رپورٹ رضوان مغل) پاکستان پیپلز پارٹی کی ڈسٹرکٹ عمرکوٹ سے منتخب ممبر قومی اسمبلی میڈم صبا تالپور صاحبہ کا نیشنل ہائی وی اتھارٹی کے چیئرمین کو خط، عمرکوٹ۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سوتیلے بیٹوں نے جعلی دستاویزات بنا کر مرحوم شوہر کی 250 ایکڑ زمین ہڑپ کر لی، جمیلہ کپری کی بیٹیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) کوٹ غلام محمد کی رہائشی جمیلہ کپری نے اپنی بیٹیوں رابعہ، عائشہ، مریم اور کرن کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میر پور خاص: نواب کالونی میں چوری کی واردات، چور لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور نقدی لے اڑے

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) نواب کالونی میں چوری کی واردات، چور لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور نقدی لے اڑے تفصیلات کے مطابق نواب کالونی میں نامعلوم چور ایک رہائشی گھر کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور نقدی چوری کر کے فرار ہو گئے متاثرہ خاندان کے مطابق نیشنل بینک کے ملازم اظہر حسین عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ حیدرآباد گئے اور گھر کو تالا لگا کر روانہ ہوئے تھے واپسی پر جب وہ اتوار کی رات گھر پہنچے تو گھر کے تالے ٹوٹے ہوئے اور اندر کا سامان بکھرا ہوا پایا واقعے کی اطلاع فوری طور پر پولیس ہیلپ لائن 15 پر دی گئی جس پر پولیس موقع پر پہنچی اور ابتدائی جائزہ لیا متاثرہ خاندان کے مطابق چور گھر سے تقریباً دو تولہ سونا اور 60 ہزار روپے نقدی چوری کر کے لے گئے موجودہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق چوری شدہ سونے اور نقدی کی مجموعی مالیت تقریباً 10 لاکھ 60 ہزار روپے بنتی ہے متاثرہ خاندان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نجی میڈیکل سینٹر میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت، 22 سالہ خاتون جاں بحق، ورثا کا لاش رکھ کر احتجاج

جیکب آباد (نامہ نگار) نجی میڈیکل سینٹر میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت، 22 سالہ خاتون جاں بحق، ورثا کا لاش رکھ کر احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے ایک نجی میڈیکل سینٹر میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت کے باعث 22 سالہ خاتون رابعہ جلھرانی فوت ہوگئی، ورثا نے ڈاکٹر کی غفلت کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے لاش کو شہید اللہ بخش پارک کے قریب رکھ کر دھرنا دیا اور نعرے بازی کی جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

تعلقہ ہیڈ کوارٹر سول اسپتال گڑھی خیرو کے سیمینار ہال میں کام کرنیوالی خواتین کو ہراساں کرنے کیخلاف آگاہی سیشن منعقد

گڑھی خیرو (رپورٹ/راشد علی ببر) تعلقہ ہیڈ کوارٹر سول اسپتال گڑھی خیرو کے سیمینار ہال میں کام کرنے والی خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف آواز بلند کرنے اور اس حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے مقصد سے ایک اہم آگاہی سیشن منعقد کیا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی محتسب اعلیٰ عبداللطیف بلوچ کی جانب سے مختلف شعبوں میں ملازمت کرنے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

جیکب آباد میں ہائیڈرو یونین کا واپڈا کی نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا

جیکب آباد (نامہ نگار) ہائیڈرو یونین کا واپڈا کی نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں واپڈا ہائیڈرو لیبر یونین کی جانب سے ادارے کی مجوزہ نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرین نے واپڈا آفس سے ریلی نکالی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی قومی شاہراہ پر پہنچی جہاں دھرنا دے کر شدید نعرے بازی کی گئی، احتجاجی مظاہرے کی قیادت احمد نواز لاشاری، عبدالجبار بگٹی، بادل سومرو، رحیم داد بروہی اور علی مغل نے کی، اس موقع پر مقررین نے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پسند کی شادی کے تنازع پر بستی جلانے کا سانحہ، 60 گھر خاکستر 119 خاندان بے گھر اور ساڑھے 3 کروڑ سے زائد نقصان کی سرکاری رپورٹ جاری

جیکب آباد (نامہ نگار) پسند کی شادی کے تنازع پر بستی جلانے کا سانحہ، 60 گھر خاکستر، 119 خاندان بے گھر اور ساڑھے 3 کروڑ سے زائد نقصان کی سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جیکب آباد میں بجلی کے نئے فیڈر کی منظوری کے لیے ایم این اے کا حکام کو خط، 12 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کرنے کا مطالبہ

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں بجلی کے نئے فیڈر کی منظوری کے لیے ایم این اے کا حکام کو خط، 12 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں بجلی کے سنگین بحران، طویل لوڈشیڈنگ اور بار بار ٹرپنگ کے مسئلے کے حل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جیکب آباد میں قیامت خیز گرمی، درجہ حرارت 49 ڈگری ریکارڈ، متعدد افراد بے ہوش، شہر میں پانی کی فراہمی معطل

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں قیامت خیز گرمی، درجہ حرارت 49 ڈگری ریکارڈ، متعدد افراد بے ہوش، شہر میں پانی کی فراہمی معطل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں شدید گرمی اور حبس نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے، محکمہ موسمیات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطر دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخہ بدور بنت سلطان القاسمی، بانی اور سی ای او کلیمات گروپ کی وارسا میں اپنی شہرہ آفاق کتاب "لیٹ دیم نوشی از ہیئر: سرچنگ فار دی کوئین آف ملیحہ" کے پولش ترجمے کی باقاعدہ رونمائی

تقریب پولینڈ کے معروف اشاعتی ادارے سونیا ڈراگا اسپ زی اواو کے تعاون سے منعقد کی گئی، جس میں ادب کو زبانوں، ثقافتوں اور یادداشت کے درمیان ایک مضبوط پل کے طور پر اجاگر کیا گیا

شیخہ بدور القاسمی نے اپنی کتاب کا ایک اقتباس انگریزی زبان میں پڑھ کر سنایا، پبلشر سونیا ڈراگا نے اسی اقتباس کو پولش زبان میں پیش کیا اس دولسانی پیشکش نے حاضرین کو کتاب کے موضوعات، ادبی خوبصورتی اور مختلف ثقافتوں کے درمیان تعلق کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کیا

شیخہ بدور القاسمی نے اپنے خطاب میں یہ بھی کہا کہ یہ کتاب محض ایک کہانی نہیں بلکہ یادداشت اور اساطیر کا ایک ایسا امتزاج ہے جو ہمیں ماضی کے ان کرداروں کی تلاش پر لے جاتا ہے جو ہماری تاریخ کا اہم حصہ رہے ہیں

دبئی (بزنس رپورٹر) شارجہ کی معروف ادبی و ثقافتی شخصیت شیخہ بدور بنت سلطان القاسمی، بانی اور سی ای او کلیمات گروپ نے وارسا میں اپنی شہرہ آفاق کتاب "لیٹ دیم نوشی از ہیئر: سرچنگ فار دی کوئین آف ملیحہ" کے پولش ترجمے کی باقاعدہ رونمائی کر دی۔ یہ تقریب وارسا انٹرنیشنل بک فیئر 2026 کے موقع پر منعقد ہوئی، جہاں شارجہ کو مہمانِ خصوصی کا اعزاز حاصل ہے۔ یہ تقریب پولینڈ کے معروف اشاعتی ادارے سونیا ڈراگا اسپ زی اواو کے تعاون سے منعقد کی گئی، جس میں ادب کو زبانوں، ثقافتوں اور یادداشت کے درمیان ایک مضبوط پل کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد وارسا کے معروف کتب گھر "کسیگارنیہ کوریکٹی" میں کیا گیا، جہاں قارئین، ناشرین، ثقافتی شخصیات اور میڈیا نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران شیخہ بدور القاسمی نے اپنی کتاب کا ایک اقتباس انگریزی زبان میں پڑھ کر سنایا، جس کے بعد پبلشر سونیا ڈراگا نے اسی اقتباس کو پولش زبان میں پیش کیا۔ اس دو لسانی پیشکش نے حاضرین کو کتاب کے موضوعات، ادبی خوبصورتی اور مختلف ثقافتوں کے درمیان تعلق کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کیا۔ شیخہ بدور القاسمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ کتاب محض ایک کہانی نہیں بلکہ یادداشت اور اساطیر کا ایک ایسا امتزاج ہے جو ہمیں ماضی کے ان کرداروں کی تلاش پر لے جاتا ہے جو ہماری تاریخ کا اہم حصہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "لیٹ دیم نوشی از ہیئر" قدیم عرب ملکہ کی ایک بھولی بسری تاریخ کو اجاگر کرتی ہے، جس کی حکمرانی کے نقوش ملیحہ کے پہاڑوں، صحراؤں اور سکوں پر ثبت ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ اب یہ کتاب پولش قارئین تک پہنچ رہی ہے، جس سے نہ صرف اماراتی ثقافت کو عالمی سطح پر فروغ ملے گا بلکہ مختلف تہذیبوں کے درمیان مکالمے کو بھی تقویت ملے گی۔ ان کے مطابق ادب انسان کو ٹھہر کر سوچنے، سننے اور مختلف زاویوں سے دنیا کو دیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ شیخہ بدور القاسمی نے اس بات پر زور دیا کہ آج کی تیز رفتار دنیا میں جہاں کہانیوں کو اکثر سادہ بنا دیا جاتا ہے، ادب ہمیں اپنی جڑوں کو سمجھنے اور مشترکہ انسانی اقدار کو دریافت کرنے میں مدد دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شارجہ سے شروع ہونے والا یہ سفر جب وارسا تک پہنچتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ انسانیت کی بنیادیں ایک جیسی ہیں۔ یہ کتاب قارئین کو شارجہ کے علاقے ملیحہ کے آثارِ قدیمہ کے پس منظر میں ایک منفرد سفر پر لے جاتی ہے، جہاں ذاتی مشاہدات اور تاریخی تحقیق کے ذریعے خواتین کے کردار، ثقافتی شناخت اور یادداشت کے باہمی تعلق کو اجاگر کیا گیا ہے۔ پولش ایڈیشن کی اشاعت اماراتی ادب کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کی ایک اہم کوشش ہے اور یہ شارجہ کی جانب سے ثقافتی روابط کو مضبوط بنانے کے عزم کی عکاسی بھی کرتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر شیخہ بدور القاسمی نے قارئین سے ملاقات کی اور اپنی کتاب پر دستخط بھی کیے۔ واضح رہے کہ وارسا انٹرنیشنل بک فیئر 2026 اس سال "ٹو سیولائزیشنز، ون لینگویج آف لیٹرز" کے عنوان سے منعقد ہو رہا ہے، جس کا مقصد مختلف تہذیبوں کو ادب کے ذریعے قریب لانا ہے۔

☆☆☆

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

حکمران عوامی مشکلات کے حل کے بجائے اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، اجلاس میں ارسا کی جانب سے خریف سیزن کے دوران سندھ کے حصے کے پانی میں 28 فیصد کمی کو سندھ کے ساتھ ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں پانی کے زائد استعمال کی اجازت 1991 کے آبی معاہدے کی خلاف ورزی ہے جسے فوری طور پر روکا جائے، اجلاس میں مقررین نے سندھ میں بڑھتی ہوئی بدامنی، قبائلی تنازعات، جرائم کی وارداتوں اور امن وامان کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا، اجلاس میں مدارس اور مساجد کے خلاف سازشوں کو بند کرنے، شعائر اسلام کے تحفظ کو یقینی بنانے، جبری گمشدگیوں کے خاتمے اور تمام سیاسی وسماجی اسیران کی رہائی کا مطالبہ بھی کیا گیا، اجلاس نے تعلیم اور صحت کے شعبوں اور ملازمین کے بجٹ میں نمایاں اضافے، جمہوری اور سیاسی عمل کو مضبوط بنانے، مہنگائی اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے حکومتی اخراجات میں کمی اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر توجہ دینے کا مطالبہ کیا، مجلس عاملہ نے سندھ کی تقسیم کی ہر سازش کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ این ایف سی ایوارڈ اور اٹھارویں آئینی ترمیم کے خلاف کسی بھی قسم کی کوشش سندھ کے عوام کے حقوق پر حملہ تصور کیا جائے گا جس کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ امن عالم اجتماع کی تاریخی کامیابی کے لیے بھرپور جدوجہد اور ڈیوژن اور تحصیل سطح پر مہم جاری رہے گی، اجلاس میں کہا گیا کہ پیارے پیغمبر ؟ کی ختم نبوت ہمارے ایمان کی ریڈ لائن ہے جھوٹے نبی کے دعویدار قادیانیوں اور ان کے حامیوں کو ملک کے آئین کے تحت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، اجلاس میں مولانا محمد صالح الہادو، سید سراج احمد شاہ امروٹی، مولانا عبدالمجیب قریشی، مفتی مسعود افضل بلوچ، عبدالرزاق عابد لاڑکانہ، مولانا محمد صالح اٹھڑ، حاجی عبدالملک ٹالپر، ڈاکٹر اے جی انصاری، مولانا محمد رمضان بھلچوٹی، مولانا محمد اسحاق لغاری، سلیم سندھی، سمیع الحق سواتی، مولانا منظور احمد سومرو، مولانا عبدالشہید مہر، ایڈووکیٹ غلام سرور بلیدی، حاجی رفیق احمد سومرو، مولانا فتح محمد مہیری، مولانا عبدالجبار حیدری سمیت دیگر نے شرکت کی، اجلاس میں کہا گیا کہ 19، 20 اور 21 مارچ 2027 کو سکھر میں منعقد ہونے والے تاریخی امن عالم اجتماع کی تیاریوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا اجتماع میں بیت اللہ شریف، مسجد نبوی، بیت المقدس مسجد اقصیٰ سمیت دیگر عائمہ کرام، مختلف ممالک کے اسکالرز، امن کے سفیروں، مذہبی قائدین اور تمام مکاتب فکر کے اکابرین کو شرکت کی دعوت دی جارہی ہے اس مقصد کے لیے ملکی وبین الاقوامی سطح پر وفود مختلف طبقات، اداروں اور شخصیات سے ملاقاتیں کر کے دعوت نامے دیئے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

رپورٹ جاری۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل تھل کے گاؤں محمد صدیق آرائیں میں پسند کی شادی کے تنازع پر دو برادریوں کے درمیان کشیدگی کے بعد شرپسند عناصر کی جانب سے پورے گاؤں کو آگ لگانے کے بعد نقصان کے تخمینے کے حوالے سے سرکاری رپورٹ جاری کردی گئی ہے، سرکاری رپورٹ کے مطابق واقعے میں 50 سے 60 مکانات مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئے جبکہ 119 خاندان متاثر ہوئے ہیں، ابتدائی سرکاری تخمینے کے مطابق متاثرین کو ساڑھے تین کروڑ روپے سے زائد کا مالی نقصان پہنچا ہے، اسسٹنٹ کمشنر تھل غلام عباس سدھایو کی جانب سے ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کو ارسال کردہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ واقعہ 6 مئی 2026 کو یونین کونسل میر پور برڑ کے گاؤں محمد صدیق آرائیں میں پیش آیا، پسند کی شادی کے معاملے پر پیدا ہونے والی کشیدگی کے بعد مشتعل افراد نے گاؤں پر حملہ کیا اور متعدد گھروں کو آگ لگا دی جس کے نتیجے میں مکانات کے ساتھ گھریلو سامان، اناج، مویشیوں کا چارہ اور دیگر قیمتی اشیاء ▯ بھی جل کر راکھ ہوگئیں، رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر 119 خاندان اس سانحے سے متاثر ہوئے، سرکاری تخمینے میں ماہیار خان برڑو کا تقریباً پانچ لاکھ روپے کا نقصان ظاہر کیا گیا ہے جبکہ دیگر متاثرین کو اوسطاً تین تین لاکھ روپے کا مالی نقصان پہنچا، متاثرین میں مردوں کے ساتھ خواتین اور بچے بھی شامل ہیں جو اس وقت کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، اسسٹنٹ کمشنر نے اپنی سفارشات میں ڈپٹی کمشنر جیکب آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ سندھ رورل سپورٹ آرگنائزیشن کو فوری طور پر متاثرہ علاقے کا سروے کرنے کی ہدایت دی جائے کہ جلے ہوئے مکانات کی دوبارہ تعمیر کا عمل شروع کیا جاسکے، رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ مذکورہ مکانات پہلے بھی سرسو کے تعاون سے تعمیر کیے گئے تھے، مزید برآں صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سے فوری رابطہ کر کے متاثرہ خاندانوں کے لیے مالی امداد، راشن اور عارضی رہائش کی فراہمی کی سفارش کی گئی ہے تاکہ متاثرین کی بحالی کو یقینی بنایا جاسکے، واقعے کے بعد متاثرہ خاندان انصاف اور نقصانات کے ازالے کے منتظر ہیں جبکہ علاقے میں صورتحال بدستور تشویشناک بتائی جارہی ہے، سرکاری سطح پر تحقیقات جاری ہیں تاہم رپورٹ کے مطابق متاثرین اب بھی اپنے گھروں کی تعمیر اور حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

کے لیے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی نے سیکریٹری انرجی ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ کو ایک خط ارسال کرتے ہوئے جیکب آباد شہر کے لیے اضافی الیکٹرک فیڈر کے قیام اور اس منصوبے کے لیے 12 کروڑ روپے کے فنڈز فوری طور پر جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے، خط میں کہا گیا ہے کہ جیکب آباد کے شہری شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش، فیڈرز پر بڑھتے ہوئے بوجھ اور مسلسل ٹرپنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، موجودہ نظام شہریوں اور کاروباری طبقے کی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہو چکا ہے جس کے باعث عوام میں بے چینی بڑھ رہی ہے، ایم این اے میر اعجاز حسین جکھرانی نے اپنے خط میں ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کے 18 مئی 2026 کے خط کا حوالہ دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ موجودہ انڈسٹریل فیڈر کو کمرشل اور نان کمرشل صارفین کے ساتھ منسلک کیے جانے کے باعث بجلی کی تقسیم کا نظام شدید دباؤ کا شکار ہے، انہوں نے تجویز دی کہ صنعتی صارفین کے لیے الگ فیڈر قائم کیا جائے تاکہ دیگر فیڈرز پر لوڈ شیڈنگ اور ٹرپنگ و وولٹیج کے مسائل کا خاتمہ ممکن بنایا جاسکے، انہوں نے سیکریٹری انرجی سندھ سے مطالبہ کیا کہ سپکو اور متعلقہ اداروں کے لیے مطلوبہ فنڈز ٹرائوٹ آف بجٹ یا کسی ترقیاتی اسکیم کے تحت فوری طور پر جاری کیے جائیں تاکہ منصوبے پر بلا تاخیر کام شروع ہوسکے، خط میں اس کی بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ آنے والے محرم الحرام کے دوران مجالس، جلوسوں اور دیگر مذہبی اجتماعات کے پیش نظر بجلی کی بلاتعطل فراہمی انتہائی ضروری ہے، مسلسل بجلی کی فراہمی نہ صرف شہریوں کی سہولت بلکہ امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے بھی اہم ہے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق درجہ حرارت 49 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ ہوا میں نمی کے باعث گرمی کی شدت مزید بڑھ گئی، شدید گرمی اور حبس کے باعث متعدد افراد بے ہوش ہوگئے جنہیں طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں داخل کیا گیا، شہر میں گزشتہ ایک ماہ سے پانی کی فراہمی معطل ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی نے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے اور لوگ مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی میں پانی کی بندش نے صورتحال کو انتہائی سنگین بنادیا ہے، دوسری جانب بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے، شہری علاقوں میں روزانہ 14 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 16 سے 18 گھنٹے تک بجلی کی بندش کی جارہی ہے، طویل لوڈشیڈنگ کے باعث کاروباری سرگرمیوں معطل ہوگئی ہیں، شہریوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پانی کی فراہمی بحال کی جائے، لوڈشیڈنگ میں کمی لائی جائے اور شدید گرمی کے دوران عوام کو ہنگامی ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

مومن آباد اور 02 اورنگی ٹاؤن پولیس کی کارروائیوں کے دوران شامل ہیں تمام غیر ملکی افغان باشندوں کو قانونی ضابطوں کے مطابق وطن واپسی کے لئے قائم افغان رپی فیوجی کیمپ جی ٹی سی کالج منتقل کردیا گیا ہے، جہاں متعلقہ ادارے مزید کارروائی عمل میں لا رہے ہیں ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کے حوالے سے حکومتی پالیسی اور متعلقہ اداروں کی ہدایات کے مطابق کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

کرتے ہوئے کہا کہ واپڈا اسمیت قومی اداروں کی نجکاری ملازمین اور عوام دونوں کے مفادات کے خلاف ہے، انہوں نے کہا کہ نجکاری سے ملازمین کے روزگار کو خطرات لاحق ہوں گے جبکہ عوام کو بھی بہتر سہولیات کے بجائے اضافی مالی بوجھ کا سامنا کرنا پڑے گا، مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

کا کہنا ہے کہ انہیں کسی مخصوص شخص پر شبہ نہیں کیونکہ گھر کے مکین زیادہ تر اپنے کام اور ڈیوٹی تک محدود رہتے ہیں مہران پولیس نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے این سی درج کرلی ہے اور مزید تحقیقات شروع کردی ہیں متاثرہ خاندان نے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی سے مطالبہ کیا ہے کہ چوری شدہ سامان اور نقدی کی جلد از جلد برآمدگی یقینی بنائی جائے اور واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

خواتین کے لیے ایک خصوصی اجلاس کا اہتمام کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد خواتین کو کام کی جگہ پر تحفظ فراہم کرنا اور انہیں اپنے قانونی حقوق سے آگاہ کرنا تھا۔ اس موقع پر اسپتال کی لیڈی ہیلتھ ورکرز، نرسنگ اسٹاف اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی محتسب اعلیٰ عبداللطیف بلوچ نے کہا کہ ملازمت پیشہ خواتین کو ہراساں کرنے کا کوئی بھی عمل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اکثر خواتین سماجی دباؤ یا خوف کے باعث ایسے معاملات پر خاموشی اختیار کر لیتی ہیں، لیکن یہ خاموشی ذمہ دار افراد کی حوصلہ افزائی کا سبب بنتی ہے۔ لہٰذا خواتین کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنی چاہیے، جبکہ ضلعی محتسب کا ادارہ انہیں مکمل قانونی تحفظ فراہم کرے گا۔ اس اہم پروگرام میں ریٹائرڈ ڈی ایس پی احسان بلیدی، تعلقہ اسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر محمود ریاض منگی، پریس کلب گڑھی خیرو کے صدر ثناء اللہ بروہی، سینئر صحافی محمد ابراہیم ابڑو، صحافی سمیع اللہ عمرانی سمیت سول سوسائٹی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین اور صحافیوں نے کہا کہ خواتین کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہراسانی کے خلاف قوانین موجود ہیں اور اس قسم کے آگاہی پروگرام خواتین میں اعتماد پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ آخر میں شریک خواتین نے اس آگاہی پروگرام کے انعقاد پر ضلعی محتسب اعلیٰ عبداللطیف بلوچ اور اسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

لگ گئیں، مظاہرین کا کہنا تھا کہ رابعہ کی موت ڈاکٹر کی مبینہ لاپرواہی کے باعث ہوئی ہے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، ورثا نے الزام عائد کیا کہ بروقت اور مناسب طبی سہولت فراہم نہ کیے جانے کے باعث خاتون جان کی بازی ہار گئی، ورثا نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اگر انصاف فراہم نہیں کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ بڑھایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

کے سوتیلے بیٹوں نے جعلی کھاتے تیار کر کے ان کے مرحوم شوہر کی 250 ایکڑ زمین اپنے نام منتقل کرالی ہے اور انہیں وراثتی حق سے محروم کردیا گیا ہے جمیلہ کپری نے بتایا کہ ان کے شوہر عبدالرؤف کی دو شادیاں تھیں سال 2020 میں شوہر کے انتقال کے بعد سوتیلے بیٹوں نے مبینہ طور پر جعلی وراثت اور کھاتہ جات تیار کر کے تمام زرعی اراضی اپنے نام کرالی، جبکہ انہیں اور ان کے بچوں کو زمین میں کسی قسم کا حصہ نہیں دیا گیا انہوں نے کہا کہ ان کے چار بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے اور وہ گھروں میں محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کی کفالت کر رہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ شرعی اور ملکی قانون کے مطابق مرحوم شوہر کی جائیداد میں ان کا اور ان کے بچوں کا قانونی حق بنتا ہے، لیکن انہیں اس حق سے محروم رکھا جارہا ہے انہوں نے الزام لگایا کہ ان کے سوتیلے بیٹے عمیر، وقاص اور اویس نے جعلی رجسٹریاں تیار کروا کر زمین پر قبضہ کرلیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے اپنے دیوروں اور علاقے کے معززین کو بھی آگاہ کیا، تاہم تاحال انہیں انصاف نہیں مل سکا جمیلہ کپری نے سندھ کے وزیر اعلیٰ، کمشنر میر پور خاص اور ڈپٹی کمشنر میر پور خاص سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کروا کر انہیں اور ان کے بچوں کو قانونی وواراثتی حقوق دلائے جائیں۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

کھوکھراپار روڈ N-120 نامکمل تعمیر کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ان کا کہنا ہیکہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) نے میر پور خاص۔ عمر کوٹ۔ کھوکھراپار روڈ (N-120) کی توسیع اور بحالی کا کام شروع کیا تھا اس سڑک کی مجموعی لمبائی تقریباً 154 کلومیٹر ہے، جس میں سے تقریباً 110 کلومیٹر حصہ مکمل کیا جا چکا ہے، جس سے عوام کو جزوی ریلیف ملا ہے۔ تاہم باقی ماندہ حصوں کی عدم تکمیل کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، خصوصاً روزانہ سفر کرنے والے افراد، طلبہ، مریضوں، ٹرانسپورٹرز اور تاجروں کو۔ نامکمل اور چھوڑے گئے حصوں کی وجہ سے ٹریفک جام، بار بار حادثات، سفر کے دورانیے میں اضافہ، گاڑیوں کو نقصان اور سنگین حفاظتی خطرات پیدا ہو رہے ہیں، خاص طور پر رات کے وقت اور خراب موسمی حالات میں۔ عوام کی جانب سے بارہا شکایات کے باوجود درج ذیل اہم حصے تاحال نامکمل ہیں جن کی بنیادی وجہ ادائیگیوں میں تاخیر اور تعمیراتی کام کی معطلی بتائی جاتی ہے راجارتی تا عمر کوٹ سیکشن (17 کلومیٹر) یہ سب سے زیادہ متاثرہ حصہ ہے، جہاں عوام کو مسلسل مشکلات کا سامنا ہے۔ عمر کوٹ سے کھوکھراپار تک پہلے سے مکمل کیے گئے کاموں کے بقایا بل ادا نہ ہونے کی وجہ سے تعمیراتی رفتار انتہائی سست ہوچکی ہے۔ نتیجتاً یہ حصہ حادثات اور روزمرہ مشکلات کا سبب بن رہا ہے۔ چھور تا کھوکھراپار سیکشن اس حصے پر کئی مقامات پر تعمیراتی کام معطل ہے خصوصاً نیو چھور سے پر چی جی ویری تک تقریباً 10 کلومیٹر کا حصہ طویل عرصے سے ادھورا پڑا ہے۔ ممکنہ طور پر فنڈز کی کمی یا متعلقہ حکام کی غفلت کے باعث یہ صورتحال پیدا ہوئی ہے۔ ٹوٹی ہوئی سڑک اور غیر محفوظ متبادل راستوں کی وجہ سے عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ جھالو جو چونڑو تا چھور سیکشن (12 کلومیٹر) جھالو جو چونڑو تا چھور کے قریب تقریباً 12 کلومیٹر کا حصہ نامعلوم وجوہات کی بنا پر ٹھیکیدار نے ادھورا چھوڑ دیا ہے یہ نظرانداز شدہ حصہ خاص طور پر موٹر سائیکل سواروں اور پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے انتہائی خطرناک بن چکا ہے۔ سڑک کی تکمیل میں مسلسل تاخیر نہ صرف ہزاروں افراد کی روزمرہ زندگی، حفاظت اور معاشی سرگرمیوں کو متاثر کررہی ہے بلکہ اگر ان نامکمل حصوں کی فوری مرمت اور تکمیل نہ کی گئی تو مستقبل میں بحالی کے اخراجات بھی مزید بڑھ جائیں گے۔ لہٰذا انتہائی مؤدبانہ درخواست ہے کہ زیر اتھارٹی تعمیراتی کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، ترک شدہ حصوں پر فوری طور پر دوبارہ کام شروع کیا جائے اور باقی ماندہ منصوبے کو مزید تاخیر کے بغیر مکمل کر کے عوام کو درپیش مشکلات سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

پر عائد بھاری ٹیکسز، کرایہ کی آمدن پر زیادہ شرح سے ٹیکس، اور سیمنٹ واسٹیل جیسی بنیادی تعمیراتی اشیاء ▯ پر اضافی محصولات نے تعمیراتی صنعت کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔ چیئرمین آباد کا کہنا تھا کہ پاکستان میں پہلے ہی ہاؤسنگ کا بڑا بحران موجود ہے، جہاں لاکھوں افراد مناسب رہائش سے محروم ہیں۔ ایسے میں اگر حکومت نے ٹیکسوں میں کمی نہ کی تو نہ صرف نئے منصوبے رک جائیں گے بلکہ جاری منصوبے بھی تاخیر کا شکار ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی صنعت کا براہ راست تعلق 70 سے زائد دیگر صنعتوں سے ہے، اس لیے اس شعبے کی سست روی پوری معیشت کو متاثر کررہی ہے۔ محمد حسن بخشی نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ پراپرٹی ٹرانزیکشن پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی اور دیگر ٹیکسز میں کمی کرے، کرایہ آمدن پر ٹیکس کی شرح کو معقول بنایا جائے، اور سیمنٹ واسٹیل پر عائد بھاری ٹیکسز کو فوری طور پر کم کیا جائے۔ ان اقدامات سے نہ صرف سرمایہ کاری بڑھے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر معیشت کا ایک اہم ستون ہے اور اسے نظرانداز کرنا ملکی ترقی کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے حکومت کو خبردار کیا کہ اگر بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو سرمایہ کار مزید دیگر شعبوں یا بیرون ملک منتقل ہوسکتے ہیں، جس سے ملکی معیشت کو شدید نقصان پہنچے گا۔ چیئرمین آباد نے امید ظاہر کی کہ حکومت آئندہ بجٹ میں تعمیراتی شعبے کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مثبت فیصلے کرے گی اور ایسے اقدامات اٹھائے گی جن سے نہ صرف اس شعبے کو سہارا ملے بلکہ عام شہری کے لیے گھر کا خواب بھی حقیقت بن سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان قریبی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہاؤسنگ بحران پر قابو پایا جاسکے اور معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

نوازا گیا۔ یہ اعزاز ان کی مسلسل شمولیت کو اجاگر کرتا ہے جس میں انہوں نے تعمیری پالیسی مکالمے کو آگے بڑھانے اور پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان ادارہ جاتی اور کاروباری روابط کو مضبوط بنانے میں کردار ادا کیا۔ سالوں کے دوران، انہوں نے اسٹریٹجک پلیٹ فارمز، بین الاقوامی فورمز اور کثیر فریق شراکت داریوں کے ذریعے پاکستان کے سرمایہ کاری کے ماحول کے بارے میں زیادہ سازگار بیانیہ کو فروغ دینے میں فعال کردار ادا کیا ہے۔ یہ اعتراف دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کو گہرا کرنے میں ان کی خدمات کا بھی عکاس ہے، خاص طور پر کاروباری برادریوں، سرمایہ کاروں اور پالیسی سازوں کے درمیان تعاون کی حوصلہ افزائی کے ذریعے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

سہولتوں کا جائزہ لیا، محسن نقوی شناختی کارڈز اور دیگر دستاویزات بنانے کے لیے آئے شہریوں سے ملے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہریوں سے سینٹر میں فراہم کردہ سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا، شہریوں سے شناختی کارڈز اور دیگر دستاویزات بنوانے کے عمل بارے پوچھا۔ نادرا میگا سینٹر میں موجود شہریوں کا مہیا کردہ سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا، شہریوں کا کہنا تھا کہ شناختی کارڈز اور دیگر دستاویزات بنوانے میں انتظار نہیں کرنا پڑتا۔ وقت پر باری آجاتی ہے اور عملہ بھی مکمل تعاون کرتا ہے، محسن نقوی مختلف کاؤنٹرز پر گئے اور خصوصاً بزرگ شہریوں سے گفتگو کی اور ان کے ایشوز پوچھے، بزرگ شہریوں اور خواتین کے کام ترجیحی بنیادوں پر کرنے کے احکامات جاری کئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے نادرا سینٹر کے انچارج اور عملے کی کارکردگی کی تعریف کی

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

جانب سے امتحانات اور تدریسی عمل کے بائیکاٹ ختم کرنے کی یقین دہانی پر کراچی یونیورسٹی کے مالی وانتظامی معاملات ومشکلات پر کمیٹی قائم کردی ہے، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سیکریٹری نعمان احسن کی جانب سے جاری کردیا گیا ہے۔ پیش رفت کے بعد اب تقریباً ایک ماہ سے جاری امتحانی عمل کا بائیکاٹ ہاس سیلنگ الانس اور لیو والیفیکیشنٹ کے اجراء کے بغیر ہی فوری ختم ہونے کا امکان ہے۔ یہ نوٹیفکیشن گزشتہ روز جامعہ کراچی کی اساتذہ، افسران و ملازمین ایسوسی ایشن کے ساتھ اتوار کی سی اور محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کے حکام کے ہمراہ منعقدہ ایک اجلاس کے ضمن میں جاری کیا گیا ہے، جس میں بائیکاٹ ختم کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی اور بائیکاٹ ختم کرنے کا باقاعدہ تذکرہ بھی نوٹیفکیشن میں کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صدر، سیکریٹری، جوائنٹ سیکریٹری کراچی یونیورسٹی ٹیچرز سوسائٹی، صدر ایسوسیائز ویلفیئر ایسوسی ایشن اور جنرل سیکریٹری آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن، جامعہ کراچی کے ساتھ سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین کے دفتر میں منعقدہ اجلاس کے نتیجے میں جامعہ کراچی کے ملازمین کو درپیش مسائل کے جائزے اور حل کے لیے ایک اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جس کے اراکین میں چیئرمین سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن بطور کنوینر شامل ہوں گے جبکہ سیکریٹری یونیورسٹیز اینڈ بورڈز، سیکریٹری سندھ ہائر ایجوکیشن کمیشن، صدر کراچی یونیورسٹی ٹیچرز سوسائٹی غفران عالم، صدر ایسپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن زاہد بلوچ، آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر فیصل ہاشمی اراکین میں شامل ہوں گے۔ کمیٹی بنائے گئے ٹرم آف ریفرنسز کے تحت جامعہ کراچی کے تدریسی اور غیر تدریسی ملازمین کے نمائندوں کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل اور شکایات کا جائزہ لے گی اور زیر غور مسائل سے متعلق قواعد، پالیسیوں، مالی اثرات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا جائے گا۔ اسی طرح تمام متعلقہ فریقین سے بھی مشاورت کی جائے گی۔ کمیٹی 40 دن کے اندر اپنی سفارشات کو حتمی شکل دے گی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کراچی یونیورسٹی ٹیچرز سوسائٹی (KUTS)، ایسپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن اور آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ امتحانات کے جاری بائیکاٹ کو فوری طور پر ختم کردیا جائے گا۔ جامعہ کی انتظامیہ متاثرہ امتحانات کو دوبارہ شیڈول کرنے کے لیے ضروری انتظامات کرے گی اور نظرثانی شدہ امتحانی شیڈول کا باقاعدہ اعلان کرے گی۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

دوران آف لوڈ کردیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق دوران بورڈنگ عملے کو ٹکٹ کی تفصیلات ایئرلائن سسٹم میں نہ ملنے پر مسافر کو مزید جانچ کے لیے روکا گیا۔ تفصیلی جانچ کے دوران پیش کردہ یواے ای ورک ویزا جعلی اور بوگس پایا گیا۔ ابتدائی تحقیقات میں مسافر نے انکشاف کیا کہ اس نے سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ کرنے والے ایجنٹ ملک شہباز اعوان سے بیرون ملک ملازمت کے انتظامات کروائے تھے۔ مذکورہ ایجنٹ مبینہ طور پر ملک اوورسیز کے نام سے جوہر آباد، خوشاب میں کام کر رہا ہے۔ مسافر کے مطابق اس نے ویزا اور سفری دستاویزات کے حصول کے لیے ایجنٹ کو 3 لاکھ 80 ہزار روپے ادا کیے تھے۔ ادائیگیاں مختلف جازکیش اور بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی گئیں۔ مسافر نے موقف اختیار کیا کہ اسے ویزا کے جعلی ہونے کا علم نہیں تھا اور وہ خود بھی ویزا فراڈ کا شکار ہوا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر کو تمام متعلقہ دستاویزات سمیت مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی منتقل کردیا گیا ہے۔ ایف آئی اے ویزا فراڈ، انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی اوورسیز ایمپلائمنٹ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

اسی سی پی کے اعداد وشمار کے مطابق نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں سے 99.9 فیصد کی رجسٹریشن آن لائن طریقہ کار کے ذریعے مکمل کی گئی، جو کاروباری سرگرمیوں میں ڈیجیٹل سہولتوں کے بڑھتے ہوئے استعمال کی عکاسی کرتی ہے۔ صوبائی سطح پر پنجاب میں سب سے زیادہ ایک ہزار 643 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جبکہ اسلام آباد میں 596 اور سندھ میں 479 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی گئی۔ اسی طرح خیبر پختونخوا میں 260، گلگت بلتستان میں 112 اور بلوچستان میں 71 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ شعبہ وار جائزے کے مطابق سب سے زیادہ کمپنیاں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای کامرس کے شعبے میں رجسٹر کی گئیں۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 598 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جبکہ ٹریڈنگ سیکٹر میں 503، سروسز کے شعبے میں 404 اور ریئل اسٹیٹ وکنسٹرکشن کے شعبے میں 303 نئی کمپنیاں قائم کی گئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق سیاحت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بھی نمایاں سرگرمی دیکھنے میں آئی، جہاں 206 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن عمل میں لائی گئی۔ ادارے نے بتایا کہ مئی کے دوران 17 مختلف ممالک کے سرمایہ کاروں نے پاکستان میں کمپنیاں رجسٹر کروائیں۔ اعداد وشمار کے مطابق چین سے تعلق رکھنے والے 89 شیئر ہولڈرز نے مختلف کمپنیوں میں ڈائریکٹر شپ حاصل کی، جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی کمپنیوں کا ادا شدہ سرمایہ 139.4 ملین روپے ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

مارکیٹ نے 3 نفسیاتی حدیں کھودیں۔ مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کے 289 ارب روپے ڈوب گئے اور سرمائے کا مجموعی حجم 19 ہزار ارب روپے سے کم ہوکر 18 ہزار ارب روپے کی کم سطح پر آگیا جبکہ 77.09 فیصد حصص کی قیمتیں بھی گھٹ گئیں۔ پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں بیر کو کاروبا کا آغاز مثبت ہوا پھر انڈیکس منفی زون میں چلا گیا، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 3362 پوائنٹس کم ہوگیا جس کی وجہ سے انڈیکس 173962 پوائنٹس سے کم ہوکر 170600 پوائنٹس پر بند ہوا۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

حکم کالعدم قرار دیدیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں نشتر روڈ پر واقع جائیداد کو متروکہ وقف املاک قرار دینے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ نشتر روڈ پر پراپرٹی 1959 میں خریدی گئی۔ جائیداد کے مالک کی وفات کے بعد جائیداد ورثا کو منتقل ہوئی۔ ورثا کے پاس لیٹر آف ای

چیئرمین زیڈ ایل کے گروپ زاہد لطیف اور صدر AWAJ ہنزہ آصف کی ملاقات

ایشیا ویب الائنس جاپان کی مالیاتی مشیر اور بزنس کنسلٹنٹ صدف عباس بھی ملاقات میں موجود، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) زیڈ ایل کے گروپ کے چیئرمین زاہد لطیف خان اور ایشیا ویب 3 الائنس جاپان (AWAJ) کی صدر ہنزہ آصف کے درمیان وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک اہم ملاقات منعقد ہوئی جس میں پاکستان میں بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ، اسٹارٹ اپس کی ترقی اور انہیں آئی پی کی جانب لے جانے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں لوک بزنس کنسلٹنٹ کی صدف عباس نے بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

GO کا صاف اور سرسبز پاکستان کیلئے اقدامات کا دائرہ وسیع

موسمیاتی تبدیلی سے متعلق آگاہی کیلئے اپنے کردار کو مزید مضبوط بنانے کے خواہاں ہیں، سی ای او خالد ریاض

کراچی (بزنس رپورٹر) گیس اینڈ آئل پاکستان (60) اپنے ملک گیر 60 سرسبز پاکستان پراجیکٹ کے ذریعے ماحولیاتی پائیداری کے ایجنڈے کو مستحکم مضبوط بنانے کیلئے کوشاں ہے جس کے تحت کمپنی نے پودوں کی سالانہ تقسیم کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کیا جو 2019 میں 50,000 سے بڑھ کر 2020 میں ایک لاکھ 2021 میں 150,000 سے بڑھ کر 2022 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

او آئی سی سی آئی سروے: پاکستان میں کاروباری اعتماد کمزور

70 سے 80 فیصد اداروں نے سرمایہ کاری فیصلے موخر کر دیے

کراچی (این این آئی) اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تازہ بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے میں پاکستان میں کاروباری اعتماد میں نمایاں کمی سامنے آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کے ایم سی ملازمین اور پنشنرز کے واجبات کی فوری ادائیگی ناگزیر ہے، سیف یار خان

نعیم جمال اور آفیسرز اینڈ آفیشلز ایکشن کمیٹی کی جدوجہد قابلِ ستائش، ایم پی پی مکمل حمایت کا اعلان

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان کے نگران لیبر ونگ اور معروف مزدور رہنما سیف یار خان نے کہا ہے کہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (KMC) کے ملازمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ٹریفک انتظامات کے حوالے سے موٹروے اور سندھ پولیس کا مشترکہ اجلاس

ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو، ایس پی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، سیکٹر کمانڈر سکرنڈ افضل مجید کی خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قومی شاہراہ پر تعمیراتی کام کے دوران حفاظتی اور ٹریفک انتظامات کے حوالے سے موٹروے پولیس اور سندھ پولیس کا مشترکہ اجلاس۔ نوشہرو فیروز: قومی شاہراہ پر جاری تعمیراتی کام کے دوران حفاظتی، سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کا جائزہ لینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سندھ ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے رہنماؤں کے زیر التوا مقدمات کی سماعت کی درخواست پر رپورٹ جمع کرانے کا حکم دیدیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں تحریک انصاف کے رہنماؤں کے زیر التوا مقدمات کیلئے درخواست کی سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

کراچی پولیس کے ہاتھوں گرفتار ملزمہ شیرین منشیات کیسے فروخت کرتی تھی؟ ویڈیو سامنے آ گئی

کراچی (این این آئی) ضلع ایسٹ پولیس نے خفیہ اطلاع پر گلستان جوہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

سونیری بینک کا معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے ٹی سی ایف کیساتھ اشتراک

معراج الدین احمد اور بیرسٹر زار شاہین نے منعقدہ تقریب میں معاہدے پر دستخط کئے

کراچی (بزنس رپورٹر) سونیری بینک نے پائیدار سماجی ترقی اور کمیونٹی کو بااختیار بنانے کے اپنے عزم کو مزید مضبوط کرتے ہوئے دی سٹیزنز فاؤنڈیشن (TCP) کے ساتھ شراکت داری قائم کر لی ہے جس کے تحت بینک نے ایک سال کے لیے ٹی سی ایک کے Chinoy کیمپس کو اپنانے کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان بھر میں معیاری تعلیم کے فروغ) اور کم وسائل رکھنے والے طبقات کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

حکومت معاشی سرگرمیوں کو متاثر کرنیوالے فیصلوں سے گریز کرے، طارق حلیم

بحری تجارت کے شعبوں کو بجٹ میں سہولیات دی جائیں، سابق چیئرمین شپ ایجنٹس ایسوسی ایشن

کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی کے سابق نائب صدر اور پاکستان شپ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین طارق حلیم نے کہا کہ آئی ایم ایف کی سخت شرائط کے باعث آئندہ وفاقی بجٹ کاروباری برادری، صنعتوں اور عام شہریوں کے لیے مزید مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت کو ایسے فیصلوں سے گریز کرنا چاہیے جو معاشی سرگرمیوں کو سست اور سرمایہ کاری کے ماحول کو متاثر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

جنوبی لبنان پر فضائی اور زمینی حملوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں مزید 9 افراد شہید ہو گئے

حکام کے مطابق جنوبی لبنان میں صورتحال انتہائی کشیدہ ہے جبکہ ریسکیو اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل کی جانب سے جنوبی لبنان پر فضائی اور زمینی حملوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں مزید 9 افراد شہید ہو گئے۔ مقامی رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے نبطیہ کے قریب توپ خانے سے گولہ باری کی جبکہ شقین اور کفر طبنیت کے دیہات کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ اسی علاقے میں اسرائیلی ڈرونز کے ذریعے تین علیحدہ حملے بھی کیے گئے۔ علاوہ ازیں تبنین کے قریب بھی فضائی حملے کی اطلاع ملی ہے۔ ایک علیحدہ واقعے میں نبطیہ خردالی روڈ پر ڈرون حملے کے دوران ایک دانتوں کے ڈاکٹر کو ان کے دو بچوں سمیت نشانہ بنایا گیا۔ نیشنل نیوز ایجنسی کے مطابق یہ خاندان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پارکوں کی زمینوں پر قبضوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج

ہل پارک سمیت مختلف پارکوں کی زمینیں نجی افراد کو دی جا رہی ہیں اور پانچ سو گز کے پلاٹ کاٹ کر تقسیم کیے جا رہے ہیں، محمد فاروق فرحان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر محمد فاروق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ شہر میں ایک نئے انداز کی "چائنا کٹنگ" کی جا رہی ہے اور پارکوں کی زمینوں پر قبضے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہل پارک سمیت مختلف پارکوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سندھ ہائی کورٹ میں بیچ ویو پارک کی زمین نجی ادارے کے حوالے کرنے کیخلاف درخواست دائر، عوامی پارک کی زمین کو نجی استعمال کے لیے مختص کرنا سپریم کورٹ کے فیصلوں کے منافی ہے، جماعت اسلامی کا درخواست میں موقف

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں جماعت اسلامی کے اپوزیشن لیڈر سٹی کونسل اور دیگر کی جانب سے کلفٹن کے بیچ ویو پارک کو نجی ادارے کے حوالے کرنے کے خلاف درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست گزار کے وکیل عثمان فاروق نے موقف اختیار کیا کہ کے ایم سی کی سٹی کونسل نے مارچ 2026 میں بیچ ویو پارک کی اراضی پر میوزیم کے قیام کی منظوری دی، جسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت تعمیر کیا جانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

آزاد خان کا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا دورہ، فرخ سبزواری سے ملاقات

شہر میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت متحرک، مستعد اور پرعزم ہیں، ایڈیشنل آئی جی کراچی

کراچی (بزنس رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا دورہ کر کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی سٹی اور دیگر سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ پولیس چیف کو سیکیورٹی صورتحال اور حفاظتی اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے سیکیورٹی پر تعینات اہلکاروں سے ملاقات کرتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا اور مکمل چوکسی کے ساتھ فرائض کی انجام دہی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

راس الخیمہ کے حکمران کی سبکدوش ہونیوالی مالٹا کی سفیر کی زبردست الوداعی پذیرائی

شیخ سعود بن صقر القاسمی کا امارات اور مالٹا کے درمیان مضبوط تعلقات کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار

سفیر ماریہ کیملری کالیجا کی خدمات کو سراہتے ہوئے مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا، ملاقات میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

مالٹا کی سفیر ماریہ کیملری کالیجا نے شیخ سعود بن صقر القاسمی کی جانب سے ملنے والی پرتپاک میزبانی اور خیر مقدم پر دلی شکریہ ادا کیا

دبئی (بزنس رپورٹر) راس الخیمہ کے حکمران اور سپریم کونسل کے رکن عزت مآب شیخ سعود بن صقر القاسمی نے مالٹا کی سبکدوش ہونے والی سفیر ماریہ کیملری کالیجا سے ان کے اعزاز میں ملاقات کی، جو انہوں نے اپنے عہدے کی مدت مکمل ہونے پر الوداعی دورے کے طور پر کی۔ یہ ملاقات صقر بن محمد سٹی میں واقع حکمران کے محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر شیخ سعود بن صقر القاسمی نے متحدہ عرب امارات اور جمہوریہ مالٹا کے درمیان گہرے اور دوستانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات باہمی مفادات اور عوام کی خوشحالی کے لیے مسلسل مضبوط کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان تعلقات کو مزید فروغ دیا جائے گا تاکہ مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دی جا سکے۔ حکمران راس الخیمہ نے سفیر ماریہ کیملری کالیجا کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے دورِ تعیناتی کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے سفیر کی کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا، جن میں اقتصادی، ثقافتی اور سفارتی تعاون شامل ہیں۔ اس موقع پر دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مستقبل میں بھی باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ اس موقع پر مالٹا کی سفیر ماریہ کیملری کالیجا نے شیخ سعود بن صقر القاسمی کی جانب سے ملنے والی پرتپاک میزبانی اور خیر مقدم پر دلی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کی علاقائی اور عالمی سطح پر نمایاں حیثیت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے دورِ تعیناتی کے دوران انہیں بھرپور تعاون اور حمایت حاصل رہی۔ سفیر نے کہا کہ امارات میں خدمات انجام دینا ان کے لیے ایک اہم اور یادگار تجربہ رہا، جہاں انہیں مختلف شعبوں میں کام کرنے اور تعلقات کو مضبوط بنانے کا موقع ملا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ آخر میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ امارات اور مالٹا کے درمیان دوستی اور تعاون کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، جو دونوں ممالک کے عوام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

☆☆☆

حیات بلڈرز اور حیدر علی اینڈ کمپنی کے نئے پروجیکٹ ہوریزون وسٹا کا شاندار افتتاح

نارتھ ناظم آباد کی پرائم لوکیشن کا ہم نے انتخاب کیا، منصوبہ جدید تعمیراتی معیار اور سہولتوں سے مزین ہوگا، چیف ایگزیکٹو آفیسر حسین حیدر حیات

تین سے پانچ کمروں کے الٹرا لگژری اپارٹمنٹس تعمیر ہونگے، کل قیمت پچھتر لاکھ، ماہانہ قسط پچاس ہزار سے شروع ہوگی، مارکیٹنگ منیجر عمر حیات

1974 سے قائم حیدر علی اینڈ کمپنی پیشہ وارانہ مہارت میں مقام رکھتی ہے، حیات بلڈرز کی کامیابی سے بھی لوگ واقف ہیں، حسین حیات، زاہد اشرفی

کراچی (بزنس رپورٹر) حیات بلڈرز اور حیدر علی اینڈ کمپنی نے مشترکہ طور پر اپنے نئے لگژری ریزیڈنشل پروجیکٹ Horizon Vista کا شاندار افتتاح کر دیا۔ پروجیکٹ کے روحِ رواں حسین حیدر حیات ہیں، جن کی قیادت میں ٹیم نے جدید طرز تعمیر اور سرمایہ کاری کے اعتبار سے پرکشش پلان پیش کیا ہے۔ Horizon Vista نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کی پرائم لوکیشن شادمان سیکٹر B-14 پر واقع ہے، جہاں رہائشی سہولت کے ساتھ کاروباری اور تعلیمی مراکز تک رسائی آسان ہے۔ پروجیکٹ میں 4 3 اور 5 کمروں کے الٹرا لگژری اپارٹمنٹ شامل ہیں، کل قیمت 75 لاکھ روپے جب کہ ماہانہ قسط صرف 50 ہزار سے شروع ہوتی ہے۔ منصوبے کے اردگرد روز مرہ کی سہولتیں 24 گھنٹے دستیاب ہیں۔ افتتاحی تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیدر حیات، مارکیٹنگ منیجر عمر حیات میڈیا منیجر زاہد اشرفی اور شعبہ تعمیرات سرمایہ کاروں اور سماجی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیدر حیات نے کہا کہ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا اور تیزی سے ترقی کرنے والا شہر ہے، جہاں ہر گزرتے دن کے ساتھ معیاری رہائش کی ضرورت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آج کے دور میں لوگ صرف ایک گھر نہیں بلکہ ایک مکمل طرز زندگی کی تلاش میں ہوتے ہیں، ایسی رہائش جو آرام، تحفظ، جدید سہولتوں اور بہترین لوکیشن کا امتزاج ہو۔ اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے Horizon Vista کے نام سے ایک ایسا منفرد رہائشی من منصوب لے کر آئے ہیں جو جدید شہری زندگی کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا Horizon Vista صرف ایک رہائشی عمارت نہیں بلکہ ایک ایسا ویژن ہے جو بہتر زندگی، بہتر ماحول اور بہتر مستقبل کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ منصوبہ کراچی کے معروف اور مرکزی علاقے نارتھ ناظم آباد کی پرائم لوکیشن پر واقع ہے، جہاں رہائش اختیار کرنا ہر شہری کی خواہش ہے۔ جدید تعمیراتی معیار، شاندار ڈیزائن، عالمی معیار کی سہولتیں اور منفرد لوکیشن Vista Horizon کو دیگر منصوبوں سے ممتاز بناتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی پراپرٹی منصوبے کی کامیابی صرف اس کی عمارت یا لوکیشن پر منحصر نہیں ہوتی بلکہ اس کے پیچھے موجود ادارے کی ساکھ اور تجربہ بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ 1974 سے پراپرٹی کنسلٹنسی کے شعبے میں خدمات انجام دینے والی حیدر علی اینڈ کمپنی اپنی پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری اور مارکیٹ کی گہری سمجھ بوجھ کے باعث ایک ممتاز نام بن چکی ہے۔ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران کمپنی نے مختلف کامیاب منصوبوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ڈائریکٹر حسین حیات نے اس موقع پر کہا کہ رہائش کے انتخاب میں سب سے اہم عنصر لوکیشن ہوتی ہے Vista Horizon ایسی جگہ پر تعمیر کیا جا رہا ہے جو نہ صرف شہر کے اہم مقامات تک آسان رسائی فراہم کرتی ہے بلکہ روزمرہ زندگی کو بھی سہل بناتی ہے۔ یہ منصوبہ نارتھ ناظم آباد کے قلب میں واقع ہے اور ناگن چورنگی کے بالکل قریب ہے۔